8

# سردی کی دوپہر

"امّی بھوک لگی ہے، جلدی کھانا دیجیے۔" اسکول کی چھٹّی کے بعد گھر پہنچتے ہی آمنہ نے کہا۔ "آ گئی میری شہزادی"۔ امّی نے پھول سی آمنہ کو پیار کیا۔

"بس ابھی لاتی ہوں۔ تمھارا بھائی جاوید کہاں ہے؟" امّی نے پوچھا۔

"وہ آتے ہی چھت پر چلے گئے" آمنہ نے کہا۔

امّی بولیں، "تم بھی چھت پر چلی جاؤ۔ آج ٹھنڈ بہت ہے۔ دھوپ لگالو، تمھارے دادا جی بھی وہیں ہیں۔"، "اچھّا" کہہ کر آمنہ سیڑھیاں چڑھتے ہوئے اوپر گئی۔

"ایک... دو... تین... چار... پانچ... چھے... سات... آٹھ... نو" آمنہ ہر سیڑھی پر قدم رکھتی اور گنتی جاتی۔



© NCERT not to be republished

چھت پر دادا جی اخبار پڑھ رہے تھے۔ ان کے سامنے تھال میں پھل رکھے تھے۔ جاوید جھُولا جھول رہا تھا۔

آمنہ دادا جی کو سلام کر کے بھاگتی ہوئی جھُولے کی طرف گئی۔ دادا جی نے پاس رکھی بوتل کا ڈھکن کھول کر پانی پی کر کہا، ''آ گئی میری بچّی۔''
اتنے میں امّی چھت پر ہی کھانا لے کر آ گئیں۔ جاوید بولا، ''بڑی اچھی خوش بو آ رہی ہے۔'' امّاں بولیں، ''آج آلو گوبھی کی سبزی بنائی ہے۔''

اتنے میں سڑک سے کوئی ڈھول بجاتا ہوا گزرا۔ ڈھم ڈھم ڈھم ڈھم...
آمنہ دوڑی ہوئی ڈھول بجانے والے کو دیکھنے گئی۔ خود بھی ڈھول کی تھاپ پر جھوم اٹھی۔ پھر سب نے مل کر کھانا کھایا اور ٹھنڈ میں دھوپ کے مزے لیے۔



© NCERT not to be republished

## ☜ اساتذہ کے لیے ہدایات:

- اس سبق کی مدد سے بچّوں کو ہکاری آوازیں سکھائی جائیں۔
- بچّوں سے معلوم کیجیے کہ اس سبق میں ایسے کون سے الفاظ ہیں جن میں 'بھ' کی آواز پائی جاتی ہے۔ بچّے کہیں گے۔ بھوک، بھائی، ابھی، بھاگتی اور گو بھی۔
- یہ الفاظ تختۂ سیاہ پر لکھ کر بچّوں کو بتائیں کہ ان میں آنے والا حرف 'بھ' دو حروف 'ب' اور 'ھ' سے مل کر بنا ہے۔ تختۂ سیاہ پر اسے لکھ کر دکھائیں۔

  ب + ھ = بھ
- اسی طرح پھ، تھ، ٹھ، جھ، چھ، دھ، ڈھ، ڑھ، کھ اور گھ کے لیے بھی اوپر دیے ہوئے طریقے کو دوہرائیے۔ بچّوں کو بتائیے کہ یہ حروف ہکاری حروف کہلاتے ہیں۔ یہ تمام حرف دو حروف سے مل کر بنے ضرور ہیں لیکن ان کی آواز ایک ہی ہے اور ملنے کے بعد اب یہ دو نہیں ایک ہی حرف ہے۔

## مشق



### 1. دیے گئے حروف میں دو چشمی 'ھ' ملا کر ہکاری حروف بنوائیے

| | | | |
|---|---|---|---|
| ب | ھ | = | ________ |
| پ | ھ | = | ________ |
| ت | ھ | = | ________ |
| ٹ | ھ | = | ________ |
| ج | ھ | = | ________ |
| چ | ھ | = | ________ |



© NCERT not to be republished



| | | | |
|---|---|---|---|
| د | ھ | = | ________ |
| ڈ | ھ | = | ________ |
| ڑ | ھ | = | ________ |
| ک | ھ | = | ________ |
| گ | ھ | = | ________ |

## 2. حروف جوڑ کر لفظ بنوائیے



| | | | |
|---|---|---|---|
| بھ | ا | = | ________ |
| پھ | ا | = | ________ |
| تھ | ا | = | ________ |
| ٹھ | ا | = | ________ |
| جھ | ا | = | ________ |
| چھ | ا | = | ________ |
| دھ | ا | = | ________ |
| ڈھ | ا | = | ________ |
| ڑھ | ا | = | ________ |
| کھ | ا | = | ________ |
| گھ | ا | = | ________ |





© NCERT not to be republished



## 3. مثال کے مطابق حروف ملا کر لفظ بنوایئے

مثال: بھ ا ل و = بھالو

بھ و ل = ______

پھ و ل = ______

ٹھ و ک ر = ______

جھ و ل ا = ______

چھ ڑ ی = ______

دھ و پ = ______

ڈھ و ل = ______

پ ڑھ ن ا = ______

کھ ی ر ا = ______

گھ ڑ ی = ______





© NCERT not to be republished

## 4. نیچے دی گئی تصویروں کو پہچان کر ان کا پہلا حرف لکھوائیے



.......................



.......................



.......................



.......................

## 5. نیچے دیے ہوئے ہکاری حروف کو لکھوائیے

بھ ______ ______ ______ ______ ______ ______ ______

جھ ______ ______ ______ ______ ______ ______ ______

ڈھ ______ ______ ______ ______ ______ ______ ______

ڑھ ______ ______ ______ ______ ______ ______ ______

گھ ______ ______ ______ ______ ______ ______ ______

© NCERT not to be republished

## 6. نیچے دیے گئے الفاظ کو خالی جگہوں میں بھروائیے 

پھوٗل      چھت      تھال      ڈھول      اچھی

1. اتنے میں امّی ________ پر ہی کھانا لے کر آ گئیں۔
2. امّی نے ________ سی آمنہ کو پیار کیا۔
3. بڑی ________ خوش بو آ رہی ہے۔
4. ان کے سامنے ________ میں پھل رکھے تھے۔
5. خود بھی ________ کی تھاپ پر جھوم اٹھی۔

## 7. چھتری کی تصویر بنوائیے اور رنگ بھروائیے 



© NCERT not to be republished